فوری ریلیز کے لیے: 2023/18/8 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے صاف ہائیڈروجن کے تحقیقی، ترقیاتی، اور مظاہراتی پروجیکٹس میں اختراع کو فروغ دینے کی خاطر تقریباً 14$ ملین کی دستیابی اجاگر کی گئی

پہلے راؤنڈ میں صنعتی حرارتی عمل کاری کو کاربن سے پاک بنانے اور صاف ہائیڈروجن کی پیداوار اور قابل تجدید توانائی کے انضمام کو آگے بڑھانے کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے 8$ ملین تک کی دستیابی

2050 تک مضر اخراج کو 85 فیصد تک کم کرنے اور 2040 تک 100 فیصد مضر اخراج سے پاک بجلی پیدا کرنے کے لیے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے اہداف کی حمایت

گورنر Kathy Hochul نے آج کے دن صاف ہائیڈروجن کے تحقیقی، ترقیاتی، اور مظاہراتی (research, development, and demonstration، RD&D) پروجیکٹس کو آگے بڑھانے کے اقدام کے لئے تقریباً 14$ ملین کا اعلان کیا۔ فنڈنگ کے پہلے مرحلے میں 8$ ملین تک ایسے پروجیکٹس کے لئے دستیاب ہیں جو صنعتی حرارتی عمل کاری کو کاربن سے پاک بنانے اور صاف ہائیڈروجن کی پیداوار اور قابل تجدید توانائی کے انضمام کو فروغ دینے کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے ہیں۔ آج کا اعلان Climate Leadership and Community Protection Act کے اہداف کی حمایت کر رہا ہے جس کا مقصد سنہ 2050 تک مضر اخراج کو 85 فیصد کم کرنا اور 2040 تک 100 فیصد صفر مضر اخراج والی بجلی کی طرف منتقل ہونا ہے۔

"ریاست نیو یارک صافہائیڈروجن ٹیکنالوجیز میں ملکی سربراہی کر رہا ہے اور ہم اس نئی صنعت میں جدت برقرار رکھنے کے لیے پُرعزم ہیں،"**گورنر Hochul نے کہا۔** "ہائیڈروجن کے شعبے میں ابھرتی ہوئی جدت طرازی کی حمایت کے توسط سے، ہم گیسوں کے اخراج کو کم کرنے، اپنی ریاست میں مستقبل کے لیے ملازمتیں پیدا کرنے، اور آنے والی نسلوں کے لئے ایک صحت مند اور مستحکم نیو یارک پانے میں مدد کے لئے اس متبادل فیول کی ترقی میں اپنی قائدانہ حیثیت کو مستحکم بنا رہے ہیں۔"

پہلے مرحلے کے توسط سے، ریاست نیو یارک توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) دو تکنیکی چیلنج کے شعبوں کے تحت فنڈنگ کے مقابلے کے لئے واحد اداروں یا ٹیموں پر مشتمل درخواست دہندگان طلب کر رہی ہے جن میں صنعتی حرارتی عمل کاری اور صاف ہائیڈروجن کی پیداوار اور قابل تجدید توانائی کے ساتھ انضمام کو کاربن سے پاک بنانے کے لئے ہائیڈروجن ایپلی کیشنز شامل ہیں۔ درج ذیل زمرہ جات میں تجاویز قبول کی جائیں گی:

زمرہ A: امکانی اور تحقیقی مطالعات - ترقی کے پہلے مرحلے کے طور پر نئی مصنوعات، نظاموں، حکمت عملیوں، یا خدمات کے بنیادی تصورات میں ابتدائی تحقیق کا آغاز کریں گے جو حتمی مصنوعہ کی ترقی اور تجارتی مقاصد کے لئے ضروری ہیں۔

زمرہ B: مصنوعہ کی تشکیل - ایسی کوششوں کو آگے بڑھانا جو ٹیکنالوجی کی قابل فروخت مصنوعہ، نظام، حکمت عملی، یا خدمت کی ترقی و بہتری کے لئے ضروری ہوں اور ایسی جدت و اختراع کی کوئی جانچ یا تصدیق جو پہلے

سے تجارتی طور پر دستیاب نہیں ہوں اور اسی وجہ سے ریاست نیو یارک میں تیار کردہ مصنوعات کی تجارت ہو سکتی ہے۔

زمرہ C: آزمائشی اور مظاہراتی پروجیکٹس - مظاہراتی اور آزمائشی جدید ٹیکنالوجیز، نظام، حکمت عملیاں، یا خدمات جن کو تجارتی بنانے کے لیے جانچ پڑتال کی ضرورت ہوتی ہے یا جو پہلے ہی تجارتی طور پر دستیاب ہوں تاہم انہیں ریاست نیو یارک میں ابھی تک صنعتی قبولیت یا اہم تعیناتی حاصل نہ ہوئی ہو۔

زمرہ D: مشترکہ لاگت کے وفاقی پروجیکٹس - جدید تحقیقی پروجیکٹس ایجنسی-انرجی (Advanced Research Projects Agency-Energy، ARPA-E)، DOE، US نیشنل لیبارٹری، یا دیگر وفاقی فنڈنگ ایوارڈ لاگتی اشتراک کے تقاضا جات کو حاصل کرنے کے لئے نیو یارک میں قائم کمپنیوں کو فنڈنگ مہیا کرتے ہیں، اور کمپنی کی کامیاب ترقی اور ٹیکنالوجی کی صنعت کاری کے امکانات میں اضافہ کرتے ہیں۔ پروجیکٹس ہر راؤنڈ کے لیے چیلنج والے شعبوں میں معاونت لازمی دیں گے۔

پہلے راؤنڈ کی درخواستیں 23 اکتوبر، 2023 کو سہ پہر 3:00 بجے تک قبول کی جائیں گی۔ اضافی معلومات اور متعلقہ دستاویزات کے لئے NYSERDA کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں۔

دوسرا راؤنڈ، جس کی 5.8$ ملین کی دستیابی کے ساتھ اس سال کے آخر میں کھلنے کی توقع ہے، جو کہ ہائیڈروجن کی آتش گیری، ہائیڈروجن اسٹوریج ٹیکنالوجیز اور مائیکرو گرڈز اور گرڈ سپورٹ سروسز کے لئے ہائیڈروجن پر مبنی جنریشن سسٹم کے نتیجے میں نائٹروجن آکسائیڈ (nitrogen oxide، NOx) کے ہونے والے اخراج میں تخفیف کرنے کے لئے تین نئے تکنیکی چیلنج کے حامل شعبوں کے ساتھ پہلے راؤنڈ پر استوار ہو گا۔

NYSERDA کی صدر اور CEO اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کی شریک چیئرمین Doreen M. Harris نے کہا، "نیو یارک صاف ہائیڈروجن ماحولیاتی نظام کو فروغ دے رہا ہے جو ہمارے گیسوں کے اخراج میں کمی کے اہداف کی حمایت کرتا ہے جبکہ اس فروغ پذیر اور باثر وسیلے کو بڑھانے کے لئے درکار ٹیکنالوجی کو آگے بڑھاتا ہے۔ ایوارڈ یافتہ ہر پروجیکٹ ریاست کے جامع منصوبے کا حصہ بن جائے گا جس میں ہائیڈروجن کو ایک ذریعے کے طور پر دریافت کرنے کی حمایت کی جائے گی جبکہ ریاست بھر میں - پیداوار اور مینوفیکچرنگ سے لے کر اختتامی استعمال تک – پروجیکٹس کے مربوط نیٹ ورک کی پیش رفت کو آگے بڑھایا جائے گا - اس سے روزگار کے مواقع میں اضافہ ہو گا، فوسل فیول پر انحصار کم ہو گا اور ہمیں قابل تجدید توانائی کو بہتر طور پر گرڈ میں ضم کرنے میں مدد ملے گی۔"

یہ نئی فنڈنگ ریاست نیو یارک کے صاف ہائیڈروجن ماحولیاتی نظام کی مجموعی ترقی کے ساتھ مل کر کام کرے گی جس میں مئی کی فنڈنگ کا اعلامیہ شامل ہے جو کہ وفاقی صاف ہائیڈروجن فنڈنگ کے مواقع اور شمال مشرقی علاقائی صاف ہائیڈروجن ہب (Northeast Regional Clean Hydrogen Hub، NE Hub) کے اقدام کے لئے درخواست دینے والے پروجیکٹس کے لئے مشترکہ لاگت فراہم کرنے پر توجہ دیتا ہے۔ اگرچہ NE ہب کی جمع کروائی گئی تجویز وسیع تر شمال مشرقی خطے میں صاف ہائیڈروجن کی تعیناتی پر مرکوز ہے، تاہم آج اعلان کردہ اقدام خاص طور پر RD&D کی ان کوششوں کو فنڈ دے گا جو نیو یارک میں صاف ہائیڈروجن والی معیشت کو آگے بڑھانے اور ماحولیاتی ایکٹ کے اہداف کے حصول میں مدد کے لئے سب سے زیادہ متعلقہ اور اہم ترین ہیں۔ تفویض کردہ پروجیکٹس مستقبل میں ہائیڈروجن ہب پروجیکٹ کی تعیناتی کی راہ ہموار کریں گے اور نیو یارک، کنیکٹیکٹ، مین، میساچوسٹس، نیو جرسی، روڈ آئیلینڈ اور ورمونٹ، اور 100 سے زائد ہائیڈروجن ماحولیاتی نظام کے شراکت داروں سمیت NE Hub کی ریاستوں کی جانب سے پیش کردہ علاقائی ہائیڈروجن حکمت عملی کو مضبوط کریں گے۔ ہائیڈروجن ہب کی فنڈنگ اور وفاقی انفراسٹرکچر اور ملازمتی ایکٹ (Infrastructure and Jobs Act) کے تحت علاقائی ہب کے طور پر تعیناتی کے لیے گروپ کی مجموعی تجویز اپریل کے اوائل میں امریکی محکمہ توانائی کو جمع کروائی گئی تھی۔ DOE کا فیصلہ 2023 کے موسمِ خزاں تک متوقع ہے۔

ریاست نیو یارک محکمہ برائے ماحولیات کے تحفظ کے کمشنر اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کے مشترکہ صدر Basil Seggos نے کہا، "ہائیڈروجن تحقیق اور جدت و اختراع کی حمایت میں آج کے دن اعلان کردہ اہم سرمایہ

کاری سے ہمارے آب و ہوا کے پُرعزم ایجنڈے کے ایک حصے کے طور پر نیو یارک کی فوسل فیول کے استعمال کو کم کرنے کی کوششوں کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ اس فنڈنگ سے معاونت یافتہ صاف ہائیڈروجن پروجیکٹس نیو یارک کو آنے والے دنوں میں صاف توانائی کی معیشت میں منتقل ہونے میں مدد دیں گے اور ریاست کی آنے والی نسلوں کے لئے صاف تر، سر سبز ماحول کو یقینی بنانے کے لئے آب و ہوا کے ٹھوس اہداف کو پورا کرنے میں مدد دیں گے۔"

رکن اسمبلی **Didi Barrett نے کہا**، "صاف ہائیڈروجن جیسے متبادل فیولز توانائی کی مستقل پائیداری کو یقینی بناتے ہوئے ہمارے آب و ہوا کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے اہم ہوں گے۔ اس نئے اقدام سے صنعتی حرارتی عمل کاری کو کاربن سے پاک کرنے اور ان علاقوں میں صاف ہائیڈروجن کی پیداوار کو آگے بڑھانے کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے میں مدد ملے گی جہاں بجلی کی فراہمی اگر ناممکن نہ بھی ہو، تو بھی مشکل ضرور ہو گی۔"

Thomas Koch Blank، RMI، آب و ہوا کی اتحادی صنعتوں کے مینیجنگ ڈائریکٹر نے کہا، "IRA گرین ہائیڈروجن پروجیکٹس کی ترقی کے پیچھے غیر متوقع سطح کے وسائل کو متحرک کرتا ہے، لیکن مارکیٹ کو فعال کرنے کے لیے کئی اضافی اہل کاروں کی ضرورت ہے۔ NYSERDA کا اقدام بالکل اسی طرح کی ریاستی سطح کی حمایت ہے جس کی ضرورت وفاقی ترغیبات کی تکمیل اور ہائیڈروجن معیشت کو مزید متحرک کرنے میں مدد دینے کے لئے ہے۔"

آج کے دن اعلان کردہ اقدام آب و ہوا کی اقدامی کونسل کے اسکوپنگ پلان کے مطابق تیار کیا گیا تھا جس کی منظوری دسمبر 2022 میں دی گئی تھی، اس میں صاف ہائیڈروجن جیسے کم کاربن فیولز کے حکمت عملی سے متعلق استعمال کی نشاندہی کی گئی تھی جو ان علاقوں کو کاربن سے پاک بنانے کا ایک اہم ذریعہ ہیں جہاں بجلی کی فراہمی چیلنج ہے۔ علاوہ ازیں، ماحولیاتی انصاف اور پسماندہ کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے نقطہ نظر نے بھی ان تجاویز کے لئے چیلنجوں اور توجہ کے شعبوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

یہ اعلان ریاست نیو یارک کی تحقیق، ترقی اور کمرشلائزیشن میں سرمایہ کاری کو مزید مہمیز دے رہا ہے تاکہ ایسے جدت طرازوں کی مدد کی جا سکے جو ریاست کی پوری معیشت میں کاربن کی غیر جانبداری کے لیے ریاست کے ہدف کو پورا کرنے کے لیے درکار کم اخراج والی اور کاربن کو الگ کرنے والی ٹیکنالوجیز کو تیز تر کرنے پر کام رہے ہیں۔ NYSERDA کا تجدیدی پروگرام تفویضات اور تجارتی مقاصد پر مبنی معاونت کی وساطت سے براہ راست سرمایہ کاری کے طور پر 10 سالوں تک 800$ ملین تفویض کر رہا ہے۔ نجی سرمایہ کاری میں 680$ ملین ڈالر سے زیادہ اور پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین سے زیادہ کی رقوم فعال کی گ‍ءی ہیں، اور این وائی ایس ای آر ڈی اے کی ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں 450 سے زیادہ جدید صاف توانائی کی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جس میں LED لائٹنگ سسٹم ، گھریلو آلات ، طویل مدت تک چلنے والی بیٹریاں ، اور حرارت اور ٹھنڈک پیدا کرنے کے زیادہ مؤثر سسٹمز شامل ہیں۔

اس پہل کاری کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین والے Clean Energy Fund کے ذریعے فراہم کی گئی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین،

شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے $3.3 بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے $1 بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں $2 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418